© rasailojaraid.com



**دروسِ سیرت**، ڈاکٹر محمد سعید رمضان البوطی۔ مترجم: ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی۔ صفحات: ۲۱۷۔ قیمت: ۴۰۰ روپے۔ ڈسٹری بیوٹرز: کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فضلی بک، سپر مارکیٹ، اُردو بازار، کراچی۔

زیرتبصرہ کتاب السیرۃ النبویۃ کا اُردو ترجمہ ہے، جس میں حضور اکرمؐ کی نبوی حیثیت کو نمایاں کرتے ہوئے مغربی فکری گمراہیوں کی تردید کی گئی ہے۔ ڈاکٹر محمد سعید رمضان البوطی شام کے مشہور عالم دین ہیں اور عصری مسائل کو دینی نقطۂ نظر سے جدید عام فہم اسلوبِ بیان میں پیش کرنے کی خداداد صلاحیت کے مالک ہیں۔

کتاب میں حیات النبی کے درخشاں واقعات کو اگرچہ روایتی انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ مصنف کا زیادہ زور مستشرقین اور ان کے ہم فکر مشرقی اہلِ علم کی ان گمراہ کن آرا کی تردید پر ہے، کہ جن سے یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ حضور اکرمؐ صرف ایک مصلح انسان تھے۔ مصنف نے کتاب کے تمہیدی مباحث میں تاریخ نویسی کے اسلامی اسلوب کو واضح کرتے ہوئے تاریخ نگاری کے جدید نقطۂ نظر پر فاضلانہ بحث کی ہے اور مغربی فکر کے جدید اسلوب تجزیہ و تحلیل کی تردید کی ہے، جس میں حیات النبیؐ کے واقعات کو اس لیے شک کی نظر سے دیکھا جاتا ہے کہ ان کی عقلی توجیہہ نہیں ہوتی اور یہ واقعات جدید سائنسی اصولوں پر پورے نہیں اُترتے (ص ۴۸)۔ اس طرزِ فکر کی مثال دیتے ہوئے مصنف نے محمد حسین ہیکل کا یہ دعویٰ پیش ہے: ''میں اپنی اس کتاب میں سیرت اور حدیث کی کتابوں کا پابند نہیں ہوں، بلکہ میں نے بہتر سمجھا کہ اسے علمی انداز میں پیش کروں''۔ (ص ۴۹)

کتاب میں اس نقطۂ نظر کی تردید کی گئی ہے۔ اعتراضات کے جواب میں مصنف کا استدلالی اسلوبِ بیان، عالمانہ اور عام فہم ہے۔ عبارت سادہ اور لفظی و معنوی الجھاؤ سے پاک ہے۔ اُردو زبان میں اس انداز کی سیرت نگاری کا رواج ابھی عام نہیں ہوا۔ مترجم نے عربی سے اُردو ترجمہ مہارت سے کیا ہے۔ (ظفر حجازی)

**نبی کریمؐ کے لیل و نہار**، امام حسین بن مسعود بغوی۔ ترجمہ و تشریح: حافظ زبیر علی زئی۔ ناشر: حدیبیہ پبلی کیشنز، رحمٰن مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۵۶۰۔ قیمت (مجلد): ۳۰۰ روپے۔

زیرنظر کتاب سیرتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے آگہی کے لیے ایک منفرد کاوش ہے۔

© rasailojaraid.com